2 اپریل تا 8 اپریل 2021 | شمارہ نمبر 14 | جلد نمبر 33

1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

ANM AN M TRADING CO
Importer : Paper & Paper Board
Deals in:
OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND
Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)
COATED ART PAPER & ART CARD
1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands of the year Award 2010 / 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 PEFC China Environment Friendly Enterprise ISO9001 ISO14001

## Coated Packaging Board

## ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبد الغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025602714011296O
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

## اسٹیکر اور ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر کی رولنگ کے لیے اپیما کی مشاورت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) یکم اپریل کو ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن کی جانب سے اسٹیکر پیپر اور ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر کی از سر نو رولنگ کے تعین کے لیے طلب کئے گئے اجلاس کے سلسلے میں اراکین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا موقف جاننے کے لیے ایک اجلاس مرکزی دفتر ایسوسی ایشن کراچی میں منعقد ہوا جس میں ان آئٹمز کی نئی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اور کسٹم کے اجلاس کے لیے حکمت عملی مرتب کی گئی۔ اجلاس میں عابد نثار، یحییٰ باری، احمد اظہر، الحمرا پیپر کے نمائندے، اسلم جیلانی کے علاوہ آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا اور سینئر وائس چیئرمین اپیما نے خصوصی طور پر شرکت کی۔



## اسٹیکر اور ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر کی نئی رولنگ کے لئے اجلاس طلب

### جمعرات یکم اپریل کو ہونے والے اجلاسوں میں شرکت کے لئے چار درجن سے زائد فریقین کو دعوت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ امان اللہ سومرو نے سیلف ایڈہیسو اسٹیکر پیپر کی نئی ویلیوایشن کے تعین کے لیے ایک اجلاس یکم اپریل بروز جمعرات کو طلب کر لیا ہے جس میں تمام شرکا فریقین سے گزشتہ تین ماہ کا ڈیٹا فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فریقین کو مدعو کیا گیا ہے۔ جس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، کراچی چیمبر کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، چیئرمین آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن، صدر لاہور چیمبر، صدر اسلام آباد چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اسٹار کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، افتخار احمد لاہور، انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کراچی، پی سی ایل لیبلز پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اے بی سعید پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، کوڈا بار پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور، مدنی پیپر مارٹ لاہور، سی پی پی سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، انٹرلنک انجینئرنگ کراچی، میکسم وی انٹرنیشنل لاہور، ایف ایم ٹریڈرز کراچی، یونس اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، ٹیک اسٹور لاہور، ڈیلکس پیکیجز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاپولر فوڈ انڈسٹری پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، عمارہ کمرشل پرنٹر پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، لیبل ایکسپرٹ کراچی، کوشر پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاک پولی انڈسٹریز لاہور، ایم کامل سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاکستان پیپر پروڈکٹ لمیٹڈ کراچی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ اسٹیکر کی رولنگ نمبر 1467/2020۔ 7 ستمبر 2020 کو جاری کی گئی تھی۔ ڈیڑھ سال کے عرصے کے بعد اب دوبارہ تعین کرنے کے لئے اجلاس طلب کیا گیا ہے۔

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیو ایشن ڈپارٹمنٹ امان اللہ سومرو نے ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر برائے رائٹنگ پرنٹنگ اور فوٹو کاپی کی نئی ویلیوایشن کے تعین کے لیے ایک اجلاس یکم اپریل بروز جمعرات کو طلب کر لیا ہے جس میں تمام شرکا فریقین سے گزشتہ تین ماہ کا ڈیٹا فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فریقین کو مدعو کیا گیا ہے۔ جس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، کراچی چیمبر کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، چیئرمین آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن، صدر لاہور چیمبر، صدر اسلام آباد چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، ولی لیمینیٹس پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور، جمال اینڈ برادرز اسلام آباد، ورائٹی پیپرز کراچی، انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کراچی، عتیق ٹریڈرز کراچی، مدیحہ انٹرنیشنل کراچی، آفس ورلڈ خیبر پختونخواہ، ڈان پیپر مارٹ کراچی، گولڈ ریف کمپیوٹرز کراچی، برائٹ ٹریڈنگ کو لاہور، الحمرا ٹریڈرز کراچی، گل امپیکس کراچی، ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور، فائیو اسٹار پیپر مرچنٹ کراچی، آئی آر آئی ٹریڈرز کراچی، پاک پیپ پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اے بی سعید پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، ٹائمز بزنس ایڈز کراچی، نیو ٹاؤن سروسز کراچی، اوساکا پیپرز کراچی، زیڈ اے کارپوریشن لاہور، شاہد برادرز کراچی، ندیم کارپوریشن کراچی اور ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ رولنگ نمبر 1458/2020۔ 20 جولائی 2020 کو جاری کی گئی تھی اور تقریباً 21 ماہ بعد اس کی نئی رولنگ جاری کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پہلی مرتبہ ان کوٹڈ ڈیکوریٹیو پیپر کی ویلیوایشن رولنگ کا اجراء، چائنا کی ویلیو 1090 ڈالر فی ٹن مقرر

| S.No | Description | PCT | Proposed PCT for WeBOC | Origin | Customs Values C& F US$/Kg |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) |
| 1 | Un-Coated Decorative Base Paper for Printing | 4802.5510 | 4802.5510.1000 | China | 1.09 |
| 2 | | | 4802.5510.1100 | Others | 1.50 |

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹریٹ کسٹم ویلیوایشن کسٹم ہاؤس کراچی کے ڈائریکٹر ویلیوایشن شفیق احمد لٹکی نے 26 مارچ 2021 کو پہلی مرتبہ ہر قسم کے ان کوٹڈ ڈیکوریٹیو پیپر کی کسٹم ویلیو ایشن رولنگ نمبر 1525/2021 جاری کردی ہے۔ رولنگ جاری کرتے ہوئے ڈائریکٹر ویلیوایشن شفیق احمد لٹکی نے رولنگ میں لکھا ہے کہ ڈی جی ویلیوایشن کے علم میں یہ بات آئی تھی کہ ان کوٹڈ ڈیکوریٹیو بیس پیپر برائے پرنٹنگ کم قیمتوں پر کلئیر کرایا جارہا ہے لہذا ان آئٹم کی ویلیوایشن رولنگ کے تعین بابت کسٹم ایکٹ کی دفعہ 25 کے تحت طریقہء کار شروع کیا گیا۔ اس سلسلے میں فریقین کا اجلاس 24 مارچ 2021 کو منعقد ہوا جس میں ان آئٹم کی ویلیو ایشن سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں میسرز ولی یمینیٹس پرائیویٹ لمیٹڈ نے موقف اختیار کیا کہ اس آئٹم کی ویلیو ایشن زائد ہے اور اس کے انہوں نے مناسب ثبوت بھی فراہم کئے۔ رولنگ نمبر 1525 میں مزید کہا گیا ہے کہ ویلیوایشن کا تعین دفعہ 25 میں موجود طریقہ کار کو اختیار کرکے کیا گیا ہے۔ مختلف طریقہ کار کے جائزہ کے بعد صرف (9)25 کے تحت ان آئٹمز کی ویلیوایشن کا تعین کیا گیا ہے۔ رولنگ میں کہا گیا ہے کہ اس رولنگ کے خلاف اپیل اس کے اجراء کے 30 دن کے اندر ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن کے پاس کی جاسکتی ہے۔ اس رولنگ کا اطلاق آئندہ آنے والے کنسائنمنٹ پر ہوگا اور اس وقت تک ہوگا جب تک محکمہ اس میں تبدیلی نہ کرے یا اس پر عمل درآمد روک دے۔ اس رولنگ کا اطلاق ان کیسز پر ہوگا جن کی ڈیکلیرڈ ویلیو اس رولنگ سے کم ہونگی۔ تاہم رولنگ سے زائد ویلیو کی صورت میں کسٹم آفیسر ڈیکلیئرڈ ویلیوز یر دفعہ (i)25 قبول کرے گا۔ چارٹ میں ان آئٹمز کی ویلیوایشن کی شرح دی گئی ہے۔

# عبدالمجید میمن فیڈریشن کی اسمال ٹریڈرز کمیٹی کے کنویز نامزد



کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین، سابق سینئر نائب صدر کراچی چیمبر اور چیمبر کی اسمال ٹریڈرز کمیٹی کے چیئرمین عبدالمجید میمن کو 2021 کے لئے ایف پی سی سی آئی اسمال ٹریڈرز سدرن زون کی اسٹینڈنگ کمیٹی کا کنوینر نامزد کیا ہے۔ انہیں کم از کم 9 تجربہ کار اور اپنے شعبے کے ماہر افراد پر مشتمل کمیٹی کے اراکین نامزد کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ درجنوں پیپر مرچنٹس نے عبدالمجید میمن کو کنویز نامزد ہونے پر مبارکباد دی ہے۔

# ڈالر 22 ماہ کی کم ترین سطح پر، 7 ماہ میں قدر 15.34 روپے کم ہوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر میں کمی کا تسلسل، ڈالر 22 ماہ کی کم ترین سطح پر، 7 ماہ میں قدر 15.34 روپے کم ہوئی، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل 30 مارچ کو روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر مزید 90 پیسے گھٹ گئی جس کے بعد انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 154.00 روپے سے کم ہوکر 153.10 روپے اور قیمت فروخت 154.10 روپے سے کم ہوکر 153.20 روپے ہوگئی ہے، دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید ایک روپے کی کمی سے 154.20 روپے سے کم ہوکر 153.20 روپے اور قیمت فروخت 90 پیسے کی کمی سے 154.40 روپے سے کم ہوکر 153.50 روپے ہوگئی ہے، رپورٹ کے مطابق منگل کو یورو کی قدر 2 روپے کی کمی سے 180.00 روپے سے کم ہوکر 178.00 روپے اور قیمت فروخت 182.00 روپے سے کم ہوکر 180.00 روپے ہو گئی ہے جبکہ 2.50 روپے کی کمی کے بعد برطانوی پاؤنڈ کی قیمت خرید 211.50 روپے سے کم ہوکر 209.00 روپے اور قیمت فروخت 213.50 روپے سے کم ہو کر 211.00 روپے ہوگئی ہے۔

# نہر سوئز میں پھنسے بحری جہاز کو نکال لیا گیا، ٹریفک بحال

کراچی (نیوز ڈیسک) نہر سوئز میں پھنسے 400 میٹر لمبے مال بردار جہاز کو تقریباً ایک ہفتے بعد نکال لیا گیا ہے۔ مصری حکام نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ہزاروں ٹن وزنی اور 1300 فٹ لمبے جہاز کو نہر سوئز سے نکالے جانے کے بعد وہاں آمدورفت بحال ہوگئی ہے، سمندری ٹریفک کی مکمل بحالی میں کئی دن لگ سکتے ہیں، جاپانی مال بردار کو کامیابی سے نکالے جانے کے بعد چھوٹی کشتیوں کا ہارن بجا کر جشن۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مصری عملے نے مال بردار جاپانی بحری جہاز کو تقریباً ایک ہفتے بعد طویل جدوجہد سے نکال لیا ہے۔ واضح رہے کہ نہر سوئز میں ہزاروں کنٹینر جہاز پھنس گئے تھے اور اس نے بین الاقوامی شپنگ کی صنعت کو شدید متاثر کیا تھا۔ جس کا اثر بین الاقوامی تجارت پر پڑا۔

## فاٹا اور پاٹا میں صنعتوں کے خام مال کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ کے لئے شرائط

کراچی (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے فاٹا اور پاٹا میں صنعتوں کے لئے خام مال کی درآمدات پر ٹیکس چھوٹ کا اعلامیہ جاری کردیا۔ فاٹا اور پاٹا میں صنعتی پیداوار اور روزگار میں اضافے کے لئے حکومت کا بڑا فیصلہ، صنعتکار اب ڈیوٹی فری خام مال کی درآمدات کر سکتے ہیں۔ ایف بی آر نے صنعتوں کے لئے خام مال کی درآمدات پر ٹیکس چھوٹ کا سرکلر بھی جاری کردیا مگر اس عمل کو شفاف رکھنے کے لئے ایف بی آر نے چند ہدایات بھی جاری کی ہیں۔ صنعتکاروں کو خام مال کی درآمدات سے پہلے ایف بی آر کو ایک پوسٹ ڈیٹ چیک جمع کرانا ہوگا۔ خام مال استعمال ہونے کے شواہد جمع کرنے کی صورت میں چیک واپس کردیا جائے گا۔ صنعت کار درآمد شدہ خام کے استعمال، اس سے ہونے والی پیداوار اور ماہانہ پیداوار میں اضافے کا سرٹیفکیٹ جمع کرانے کے پابند ہونگے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ٹیکسٹ بکس بورڈ پر بھی انکم ٹیکس عائد، این ٹی این ظاہر نہ کرنے والوں پر 5 ہزار جرمانہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) صدر مملکت نے انکم ٹیکس ترمیمی آرڈیننس 2021ء جاری کر دیا جو فوری طور پر نافذ ہوگا، اس سے مختلف شعبوں کا 140 ارب روپے کا انکم ٹیکس استثنیٰ ختم کر دیا گیا ہے۔عوام اسے منی بجٹ قرار دے رہے ہیں۔ٹیکس قوانین میں 75 سے زائد ترامیم کی گئی ہیں۔انکم ٹیکس آرڈیننس میں ایک نیا تیرواں شیڈول متعارف کرایا گیا ہے۔آرڈیننس کے مطابق فلم انڈسٹری، ٹیکسٹ بکس، فریش گریجویٹس، آئی پی پیز، رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ، سکوک بانڈز پر استثنیٰ ختم کر دیا گیا ہے، این ٹی این آویزاں نہ کرنیوالے کاروباری افراد پر 5 ہزار، ٹیکس اکٹھا کرنے یا منہا کرنے میں ناکامی پر 40 ہزار یا ٹیکس رقم کا 10 فیصد جرمانہ ہوگا۔ پی سی بی سمیت کھیلوں کی تنظیموں کو ٹیکس چھوٹ، ٹیکس کریڈٹ میں تبدیل ہوگیا۔ٹیکس کمشنر کو کاروبار یا احاطہ، دستاویزات، کمپیوٹرز یا اسٹاک تک رسائی سے روکنے والے کو 50 ہزار یا ٹیکس کا 50 فیصد جرمانہ ہوگا۔تفصیلات کے مطابق صدر مملکت نے انکم ٹیکس ترمیمی آرڈیننس 2021ء جاری کر دیا، اس سے مختلف شعبوں کا 140 ارب روپے کا انکم ٹیکس استثنیٰ ختم کر دیا گیا ہے۔ٹیکس قوانین میں 75 سے زائد ترامیم کی گئی ہیں، انکم ٹیکس ترمیمی آرڈیننس 2021ء کے تحت 70 ارب روپے سے 140 ارب روپے ریونیو حاصل ہوگا، انکم ٹیکس آرڈیننس میں ایک نیا تیرواں شیڈول متعارف کرایا گیا ہے جس کے تحت 62 غیر منافع بخش تنظیموں کو انکم ٹیکس استثنیٰ حاصل رہے گا جن غیر منافع بخش تنظیموں کو ٹیکس استثنیٰ حاصل رہے گا۔ جون 2024 تک وزیراعظم اسکیم کے تحت مکمل ہونیوالے مکانات کو بھی ٹیکس استثنیٰ حاصل رہے گا، جن چیدہ چیدہ شعبوں کا انکم ٹیکس ختم ہوجائے گا ان میں آئی پی پیز، رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ، مضاربہ کمپنیاں، سکوک بانڈز کی آمدن اور منافع، مینوفیکچرنگ شعبے کو پلانٹ اور مشینری کی تبدیلی پر حاصل ٹیکس استثنیٰ بھی ختم ہوجائے گا۔انکم ٹیکس ترمیمی آرڈیننس کا 2021 کا اطلاق فوری طور پر ہوگا، آرڈیننس کے تحت کاروباری افراد کو اپنا این ٹی این آویزاں کرنا ہوگا، این ٹی این آویزاں نہ کرنے کی صورت میں 5 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا، اس آرڈیننس کے سیکشن 160 کے تحت ٹیکس اکٹھا کرنے یا منہا کرنے میں ناکامی کی صورت میں اس شخص پر 40 ہزار روپے یا ٹیکس کی رقم کے 10 فیصد جرمانہ کیا جائے گا، کوئی بھی شخص جو ٹیکس کمشنر کو اپنے کاروبار یا احاطہ، دستاویزات، کمپیوٹرز یا سٹاک تک رسائی سے روکے گا یا اجازت نہیں دے گا اسے 50 ہزار روپے جرمانہ یا ٹیکس کی رقم کے 50 فیصد جرمانہ عائد ہوگا۔آرڈیننس کے تحت کوئی بھی شخص جو ٹیکس گوشوارے میں مختلف کلکولیشنز کو ایک سال سے زائد کے لیے دہرائے گا جبکہ ٹیکس کی رقم اصل قابل ٹیکس سے کم ہوگی تو اس پر چار ہزار روپے یا ٹیکس کی رقم کا تین فیصد جرمانہ عائد ہوگا، کوئی بھی شخص جو اپنی ٹیکس اسٹیٹمنٹ تیار کرنے میں ناکام ہوگا اس پر پانچ ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا، کوئی بھی شخص جو مقررہ وقت کے اندر ٹیکس گوشوارے جمع نہیں کرائے گا اس پر قابل ادائیگی ٹیکس کا 0.1 فیصد جرمانہ عائد ہوگا۔آئندہ سے کمپنی میں سرمایہ کاری کے منافع پر انکم ٹیکس عائد ہوگا۔نجی بجلی گھروں پر یکم جولائی 2021ء کیلئے انکم ٹیکس عائد کر دیا گیا، درسی کتابیں شائع کرنیوالے بورڈز پر بھی انکم ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔

# کاروگیٹڈ کارٹن مینوفیکچررز کا پیپر کی قیمتوں میں اضافے پر کارروائی کا مطالبہ

## صرف مارچ کے مہینے میں 18 تا 25 ہزار روپے فی ٹن قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، سیلز ٹیکس انوائسز کے بغیر مال فروخت کرتے ہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کاروگیٹڈ کارٹن مینوفیکچررز کراچی نے وزیراعظم، وزیراعلیٰ سندھ، چیئرمین ایف بی آر اور چیئرمین نیب سے اپیل کیے ہے کہ ہم لوگ پیکیج انڈسٹری کراچی سے وابستہ ہیں اور مختلف اقسام کے کارٹن تیار کرکے زندگی کے تمام شعبوں سے وابستہ صنعتوں کو فراہم کرتے ہیں۔انہوں نے توجہ دلائی ہے کہ ہم لوگ محدود سرمایہ لگا کر اپنے لیے عزت اور حلال طریقے سے روزی کماتے ہیں اور حکومت کو واجب الادا ٹیکس پوری ایمان داری سے ادا کرکے ملک کی ترقی کے ساتھ ساتھ ایک بہت بڑے طبقے کو روزگار فراہم کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ان دنوں پیپر مل مالکان کی جانب سے بلاجواز پیپر کی قیمتیں بڑھانے کی وجہ سے سخت پریشانی کا شکار ہیں۔پیپر مل ملکان کبھی بجلی کبھی گیس کبھی پٹرول وڈیزل کی قیمتیں بڑھنے اور کبھی خام مال کی عدم دستیابی کا بہانہ بنا کر قیمتیں غیرحقیقی طریقے سے بڑھا رہے ہیں جو کے سراسر غلط ہے۔ مثال کے طور پر اگر بجلی، گیس یا خام مال کی قیمتوں میں دس فیصد کا اضافہ ہوتا ہے تو مل ملکان پیپر کی قیمت میں بیس فیصد اضافہ کر دیتے ہیں اور یہ سلسلہ مسلسل ایک سال سے جاری ہے۔اس سال کی ابتداء سے لے کر اب تک پیپر کی قیمتوں میں 38 فیصد تک اضافہ کیا جاچکا ہے۔صرف مارچ کے مہینے میں مختلف اقسام کے پیپرز پر 18 ہزار روپے سے 25 ہزار روپے فی ٹن تک کا اضافہ کیا جاچکا ہے اور پیپر مل مالکان کی جانب سے مزید اضافے کا عندیہ دیا جارہا ہے۔علاوہ ازیں یہ پیپر مل مالکان اس مال کو بغیر سیلز ٹیکس انوائس کے فروخت کرکے 100 فیصد ٹیکس چوری میں بھی براہ راست ملوث ہوتے ہیں اور خریدار کے انتہائی اصرار پر اگر انوائس دیتے بھی ہیں تو اس میں مال کا وزن دگنا کرکے قیمت آدھی ظاہر کرتے ہیں جس کے باعث سیلز ٹیکس کی مد میں 50 فیصد تک کی کمی کر کے اپنا منافع بڑھاتے جو ایک بڑا جرم ہے۔ اس کے علاوہ یہ پیپر مل مالکان مارکیٹ میں اپنی انوائس کو فروخت کرتے ہیں اور اس عمل سے جہاں حکومت کو ٹیکس میں بہت بڑا خسارہ دے رہے ہیں وہاں جعلی اور فلائنگ انوائس کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے۔ان پیپر مل مالکان کے اس غیر ذمہ دارانہ رویے کی وجہ سے حالات یہاں تک پہنچ چکے ہیں کے بہت سے لوگ اپنی فیکٹریاں بند کرنے اور اپنے ملازمین کو فارغ کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔اپیل میں مزید کہا گیا ہے کہ پیکیج انڈسٹری اس ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور کسی بھی شے کو بغیر پیک کیے ہوئے مارکیٹ میں ترسیل نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں تک کے مال کو برآمد کرنے میں بھی ہماری اس انڈسٹری کا اہم کردار ہے۔ پیپر مل مالکان کی من مانی اور پیپر کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے باعث اگر پیکیج انڈسٹری اپنے صارفین کو قیمتیں بڑھا کر مال فراہم کرے جو اس وقت کے حالات میں ہمارے لئے ناگزیر ہے تو اس کا اثر براہ راست ان اشیاء کو استعمال کرنے والے صارف پر پڑے گا جس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا۔انہوں نے اپیل کی ہے کہ پیپر کی قیمتوں میں اس بلاجواز اور غیر حقیقی اضافے کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے اور ایک ایسی کمیٹی تشکیل دی جائے جو اس معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیق کرے اور اس کے ساتھ ساتھ کوئی ایسا ادارہ بھی تشکیل دیا جائے جو کارٹن انڈسٹری سے متعلق خام مال کی قیمتوں کا تعین کرے اور اس پورے سسٹم کی مسلسل نگرانی کرے۔

## ایف بی آر: 2015 سے 2020 تک مہنگی گاڑیاں، جائیدادیں خریدنے والوں کا ریکارڈ طلب

پشاور (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے 2015 سے 2020 تک مہنگی گاڑیوں اور جائیداد خریدنے والوں کی تفصیلات طلب کر لی۔پشاور سمیت صوبے بھر میں مہنگائی گاڑیوں اور مہنگے جائیدادیں خریدنے والوں کے ذرائع آمدن، ان کے ٹیکس ریٹرن اور دیگر اخراجات کی تفصیلات جمع کرنا شروع کر دی ہے۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725


IBM™

ISO 9001 : 2015
CERTIFED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔
تاکہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں ازخود اطمینان حاصل کرسکیں
آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے۔

رابطے کے لئے **0300-2011313**

IBM™

**International Business Management**

**First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company In Pakistan**

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Near Burhani Hospital, Karachi-74000, UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001 : 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award 2010

Winner of Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM

International Business Management
First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
**Brands**

## Products of PINDO DELI



# ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands Icon of Pakistan 2010-11
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# صنعتکاروں کے مسائل حل کئے جائیں گے، فیڈرل ٹیکس محتسب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین فیڈرل ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) کے ادارے نے کراچی کے صنعتکاروں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروانے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتکار برادری فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے جاری کردہ شوکاز نوٹسز سے ہرگز پریشان نہ ہوں بلکہ ہراساں ہونے کی بجائے غیر ضروری نوٹسز کے بارے میں ایف ٹی او کو آگاہ کیا جائے تاکہ اس حوالے سے شکایات کا بروقت ازالہ کیا جاسکے۔ یہ یقین دہانی فیڈرل ٹیکس محتسب کے مشیر برائے سیلز ٹیکس شاہد احمد، مشیر انکم ٹیکس منصور حسین میمن، مشیر کسٹمز بدرالدین احمد قریشی، ڈائریکٹر ایف ٹی او عابد محمود اور سندھ ریجن کے صدر منصور احمد نے نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (نکاٹی) کی ٹیکس سب کمیٹی کے چیئرمین سید طارق رشید کی سربراہی میں ایک وفد کے ساتھ بلائے گئے اجلاس میں کروائی۔ وفد میں نکاٹی کے سینئر نائب صدر شبیر اسماعیل، شوکت اسماعیل، شیخ امتیاز، انعام الحق اور عبدالکریم شامل تھے۔ فیڈرل ٹیکس محتسب کے مشیران نے کہا کہ اجلاس کے انعقاد کا مقصد ایف ٹی او کی جانب سے صنعتکار برادری کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں شعور اجاگر کرنا ہے لہٰذا صنعتکار اپنی شکایات وفاقی ٹیکس محتسب کو ارسال کرنے میں ہرگز ہچکچاہٹ اور خوف محسوس نہ کریں تاکہ ایف ٹی او اُن کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں مؤثر کردار ادا کرسکے۔ انہوں نے ایف بی آر کے غیر ضروری شوکاز نوٹسز سے متعلق شکایات کے جواب میں کہا کہ ایف ٹی او کو اس حوالے سے شکایات موصول ہونے کی صورت میں 45 دنوں میں اس معاملے کو حل کیا جائے گا۔ نکاٹی کی ٹیکس سب کمیٹی کے چیئرمین سید طارق رشید نے فیڈرل ٹیکس محتسب کے ادارے پر بھرپور اعتماد اظہار کرتے ہوئے کہا کہ توقع ہے کہ یہ ادارہ صنعتکاروں کے مسائل حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا اور کاروبار کرنے، صنعتیں چلانے میں حائل رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے آسانیاں پیدا کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نکاٹی کے ممبرز صنعتکاروں بھی ایف ٹی او کے ساتھ اپنا ہر ممکن تعاون پیش کریں گے۔

## ہوم فنانس سے شکایت پر ہم سے رابطہ کریں، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان ڈاکٹر رضا باقر نے کہا ہے کہ ہوم فنانس سے متعلق کوئی بھی بینک شہریوں کی شکایت نہیں سنتا تو ہم سے رابطہ کریں۔ ایک بیان میں گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کا ویژن ہے کہ آسان شرائط پر لوگوں کو گھر فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک نے ہوم فنانس کے حوالے سے ملک میں موجود اپنے دفاتر میں ہیلپ ڈیسک قائم کیا ہے۔ ڈاکٹر رضا باقر نے کہا کہ کوئی بینک شہریوں کی شکایت نہیں سنتا تو اسٹیٹ بینک کی ہیلپ ڈیسک سے رابطہ کیا جائے، یہ عوام کی سہولیات کے لیے ہی بنائے ہیں۔

## لاہور: پلاٹس کی سیلز پرچیز پر ٹیکس ادائیگی کا جائزہ لینے کے لئے بلڈرز کو نوٹس

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پلاٹس کی سیلز پرچیز پر ٹیکس ادائیگی کا جائزہ لینے کیلئے ڈویلپرز بلڈرز کو نوٹس جاری کردیئے۔ ایف بی آر نے بی ایس ڈویلپر، الرحمان ڈویلپر، علی ثقلین رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز، سریمکو ہاک ویلی ڈویلپر کو نوٹس جاری کردیئے۔ ایف بی آر نے رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز سے 5 اپریل تک جواب طلب کرلیا۔ ایف بی آر نے چاروں ڈویلپرز سے پلاٹس کی سیلز، پرچیز کی تفصیلات مانگ لی گئیں۔

## تاجروں سے فعال رابطے کے لئے یو بی جی نے سیکریٹریٹ قائم کردیا

کراچی (بزنس ڈیسک) فیڈریشن کے انتخابات میں گذشتہ دو سالوں سے صدارت سے محروم رہنے والے گروپ یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) نے کراچی کے اہم ترین علاقے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی میں یو بی جی سیکریٹریٹ قائم کردیا ہے، سیکریٹریٹ میں ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ سیکریٹری جنرل بھی اپنے فرائض انجام دے گا۔ 28 مارچ کو یونائیٹڈ بزنس گروپ کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر نے یو بی جی سیکریٹریٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر یو بی جی کے سیکریٹری جنرل زبیر ایف طفیل، سندھ ریجن کے چیئرمین خالد تواب، وائس چیئرمین اور سیکریٹریٹ کے نگراں نور احمد خان، ایف پی سی سی آئی کے سابق سینئر نائب صدر سید مظہر علی ناصر، سابق نائب صدور طارق حلیم اور حنیف گوہر، غضنفر علی خان، شاہین الیاس سروانہ، مسلم محمدی، ہمایوں لئیق اور دیگر بھی موجود تھے۔ سرپرست اعلیٰ یو بی جی ایس ایم منیر نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یو بی جی سیکریٹریٹ قائم کرکے ہم تمام ٹریڈ باڈیز، چیمبرز، ایسوسی ایشنز سے موثر انداز میں رابطے میں رہیں گے، یو بی جی کی سرگرمیاں تیز کی جائیں گی، مختلف کمیٹیاں قائم کرکے انکے اجلاس منعقد کئے جائیں گے اور نوجوانوں اور خواتین کو ان کمیٹیوں میں شامل کیا جائے گا۔ ایس ایم منیر نے کہا کہ سیکریٹریٹ کے ذریعہ پاکستان کے تمام ہی شہروں میں نوجوانوں کو فعال کردار ادا کرنے کیلئے ذمہ داریاں دی جائیں گی تاکہ ہمارا بزنس کمیونٹی سے بدستور رابطہ رہے اور انکے مسائل حل کرانے کی جدوجہد کو بدستور جاری رکھی جاسکے، ہم نے یو بی جی کی شکل میں ایک چھوٹا سا پودا لگا تھا جو آج تن آور درخت بن چکا ہے۔ ایس ایم منیر نے کہا کہ تاجر، صنعتکار اور ایکسپورٹرز ملک کا سرمایہ ہیں اور مشکل ترین حالات میں بھی کاروبار جاری رکھتے ہوئے جہاد کررہے ہیں، انہیں اچھے دنوں کا انتظار ہے، وزیراعظم عمران خان کی کوششوں سے ملکی برآمدات میں تیزی آرہی ہے لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ گیس اور بجلی کے نرخ بڑھانے سے گریز کیا جائے اور غریب افراد پر مہنگائی کے بوجھ کو کم کیا جائے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر: پروفائل جمع کروانے کی تاریخ میں 30 جون تک کی توسیع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس دہندگان کے پروفائلز جمع کروانے کی آخری تاریخ کو 30 جون تک توسیع دیتے ہوئے عمل نہ کرنے والے افراد کو خبردار کیا ہے کہ ان کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) سے نکال دیے جائیں گے اور دوبارہ شامل کیے جانے پر سرچارج ادا کرنا پڑے گا۔ ذرائع کی رپورٹ کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 114 اے کے تحت ٹیکس دہندگان کے پروفائلز جمع کروانے اور انہیں اپڈیٹ کرنے کی ڈیڈ لائن 31 دسمبر 2020 تھی۔ تاہم ایف بی آر نے اس ڈیڈ لائن کو 31 مارچ 2021 تک 3 ماہ کے لیے توسیع دے دی تھی اور اب تفصیلات جمع کروانے کے لیے مزید 3 ماہ کی توسیع دے دی گئی۔ خیال رہے کہ حکومت نے ٹیکس سال 2020 میں تاخیر سے ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والے 5 لاکھ 9 ہزار 39 کو سزا کے طور پر ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے خارج کر دیا تھا۔ پروفائل ٹیکس دہندہ سے متعلق بنیادی معلومات کا مجموعہ ہوتا ہے اور اکثر افراد جب اپنا رہائشی پتا یا بینک اکاؤنٹ تبدیل کرتے ہیں تو اپنے پروفائل کو اپڈیٹ نہیں کرتے۔ موجودہ حکومت نے گزشتہ برس تمام ٹیکس دہندگان کے لیے لازمی قرار دے دیا تھا کہ وہ اپنے پروفائل کو اپگریڈ کریں۔ اے ٹی ایل فہرست میں موجود ٹیکس دہندگان لوئر ٹیکس ریٹ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ایف بی آر کے ترجمان ندیم رضوی نے ڈان سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریفنڈ کی رقم براہِ راست ٹیکس دہندہ کے اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے لیے اپڈیٹ پروفائل اہم ہے اور اس کے لیے آئی بی اے این درکار ہوتا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ ٹیکس دہندگان کی اے ٹی ایل میں دوبارہ شمولیت جرمانے کی ادائیگی سے مشروط ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیکس دہندہ کو موبائل نمبر، ای میل ایڈریس، بزنس ایڈریس، یوٹیلیٹی کے استعمال کی تفصیلات، آئی بی این سی والے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات دینی ہوں گی، یہ معیشت کو دستاویزی بنانے کا ایک اقدام ہے۔

# پولیس افسران کی محنت سے امن وامان کی صورتحال میں بہتری آئی، غلام نبی میمن

کراچی (نیوز ڈیسک) ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس غلام نبی میمن نے کہا ہے کہ دنیا کے خطرناک ترین شہروں کی فہرست میں کراچی جو 2013 میں چھٹے نمبر پر تھا گزشتہ سال 64 ویں نمبر پر آ گیا تھا اور اب 109 ویں نمبر پر ہے جس سے امن وامان کی صورتحال میں زبردست بہتری کی نشاندہی ہوتی ہے جو پولیس افسران کی محنت، لگن اور قربانیوں کی بدولت ممکن ہوا۔ یہ بات انہوں نے ڈی آئی جی ٹریفک اقبال دارا، ڈی آئی جی ایسٹ ثاقب اسماعیل میمن، ڈی آئی جی ساؤتھ جاوید اکبر ریاض اور ڈی آئی جی ویسٹ، سنٹرل عاصم قائمخانی کے ہمراہ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس میں شرکت کے دوران کہی۔ چیئرمین بزنس مین گروپ وسابق صدر کے سی سی آئی زبیر موتی والا، وائس چیئرمین بی ایم جی انجم نثار، جنرل سیکرٹری اے کیو خلیل، صدر کے سی سی آئی شارق وہرہ، سینئر نائب صدر ثاقب گڈلک، نائب صدر شمس الاسلام خان، چیئرمین لا اینڈ آرڈر سب کمیٹی جنید الرحمان، چیف پی سی ایل سی حفیظ عزیز اور کے سی سی آئی کی منیجنگ کمیٹی کے اراکین بھی اجلاس میں موجود تھے۔ غلام نبی میمن نے کہا کہ لوگ اپنے مقدمات درج کرانے سے اب زیادہ نہیں کتراتے کیونکہ اب 75 فیصد مقدمات رپورٹ ہو رہے ہیں جو ایک بہت بڑی کامیابی ہے اور صرف 25 فیصد ان رپورٹیڈ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ شہر میں ہر ماہ 15 کے قریب گھروں میں ڈکیتیاں ہو رہی تھیں جس کا مطلب یہ کہ ہر دوسرے دن ایک گھر لوٹا جا رہا ہے۔

# مہنگے ترین شہروں میں کراچی سرفہرست، بہاولپور سب سے سستا

بہاول پور (نیوز ڈیسک) مہنگے ترین شہروں میں کراچی سرفہرست، بہاولپور سب سے سستا، کراچی میں سرکاری اور دکاندار کے نرخوں میں فرق 94.81 فیصد جبکہ بہاولپور میں یہ فرق 9.25 فیصد ریکارڈ کیا گیا ناجائز منافع خوری میں ملک کے بڑے شہر سب سے آگے، حکومتی رٹ صرف چھوٹے شہروں تک محدود، پورے ملک میں کسی بھی شہر میں حکومتی نرخ ناموں کے مطابق اشیائے خورونوش فروخت نہیں کی جا رہیں۔ پاکستان بیورو آف شماریات (پی بی ایس) نے قیمتوں کے تضاد کے حوالے سے سروے رپورٹ جاری کر دی، اس سرکاری سروے میں کراچی اور لاڑکانہ قیمتوں کے فرق کے لحاظ سے صارفین کے لئے مہنگے ترین اور بہاول پور سب سے کم مہنگا شہر بن کر سامنے آئے ہیں۔ کراچی میں حکومتی نرخوں اور دکاندار کے نرخوں میں تضاد کا تناسب 94 فیصد سے بھی تجاوز کر گیا جبکہ بہاولپور انتظامیہ قیمتیں کنٹرول رکھنے میں سب سے آگے نظر آئی، جہاں تناسب صرف 9.25 رہا۔ سروے کے مطابق صارفین کی قیمتوں اور ڈی سی نرخوں کے درمیان کراچی میں سب سے زیادہ فرق 94.81 فیصد ہے، اس کے بعد لاڑکانہ 49.54 فیصد، سکھر 38.77 فیصد، حیدر آباد 28.34 فیصد ہے۔ پنجاب کے بڑے شہروں میں قیمت کا فرق بہت کم شرح پر برقرار رہا، بہاولپور میں سب سے کم 9.25 فیصد، سیالکوٹ میں 10.35، لاہور 10.53 فیصد، راولپنڈی 11.84 فیصد، سرگودھا 12.98 فیصد، فیصل آباد 16.16 فیصد، ملتان 21.65 فیصد، گوجرانوالہ 18.75 فیصد، اسلام آباد میں قیمتوں کا فرق 19.16 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں 17.09 فیصد، بنوں شہر 26.75 فیصد فرق ریکارڈ کیا گیا۔ صوبہ بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ میں سرکاری انتظامیہ کے نرخوں اور مارکیٹ کے نرخوں میں تضاد 30.81 فیصد، خضدار 38.53 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔

## ایس ای سی پی پورٹل، بینکوں کو کمپنیوں کے ریکارڈ تک رسائی حاصل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بنکوں کو کمپنیوں کے انضباطی ریکارڈ تک براہ راست رسائی فراہم کرنے کے لئے خصوصی پورٹل کے اجراء کے بعد، ملک کے سولہ بڑے بنکوں نے پورٹل کی رسائی حاصل کر لی ہے۔ اس پورٹک کے ذریعے بنک انضباطی دستاویزات تک رسائی اور تصدیق کر کے کمپنیوں کے بنک اکاؤنٹ فوری کھول سکتے ہیں۔ ایس سی سی پی نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ مل کر اس خصوصی پورٹل کا اجراء کیا تھا جہاں بنک کمپنیوں کے ریکارڈ تک براہ راست ڈیجیٹل رسائی کرتے ہوئے، بنک اکاؤنٹ کھولنے کے لئے تصدیق کر سکتے ہیں۔ اس سہولت سے کمپنیوں کے بنک اکاؤنٹ کھولنے کے لئے درکار وقت میں نمایاں کمی آئے گی۔ ایس ای سی پی کے پورٹک تک رسائی حاصل کرنے والے بنکوں میں عسکری بنک، بنک الفلاح، بنک الحبیب، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ، فنکا مائیکروفنانس بنک، انڈسٹریل اینڈ کمرشل بنک آف چائنا، خوشحالی مائیکروفنانس بنک، این آر ایس پی مائیکروفنانس، پیپر انوسٹمنٹ کمپنی، پاکستان مورگیج ری فنانس کمپنی، سندھ بنک، ایس ایم ای بنک، سنہری بنک، سمٹ بنک، ٹیلی نار مائیکروفنانس بنک اور بنک آف پنجاب شامل ہیں۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں۔ IBM فون نمبر 111-426-725

# پی آئی سی ٹی پر درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں بہتری

کراچی (بزنس ڈیسک) محکمہ کسٹمز کے افسران کی کاوشوں سے پاکستان انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل پر درآمدی کنسائمنٹس کے رش کو ختم کردیا گیا ہے جس سے درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس معمول پر آگئی ہے۔ اس سلسلے میں کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر واثق حسین خان نے بتایا کہ کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے وفد نے مذکورہ ٹرمینل پر درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں تاخیر شکایات پر چیف کلکٹر ثریا بٹ کو ٹریڈ کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا جس پر چیف کلکٹر ثریا بٹ کی جانب سے کلکٹر اپریزمنٹ ایسٹ انجینئر ریاض میمن کو ہدایات جاری کی گئیں کہ ٹرمینل پر ٹریڈ کو درپیش مشکلات کا ازلہ کیا جائے۔ واثق حسین خان نے بتایا کہ کلکٹر اپریزمنٹ ایسٹ انجینئر ریاض میمن نے چیف کلکٹر کی ہدایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایڈیشنل کلکٹر افضال وٹو کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی گئی جس نے ٹرمینل پر درپیش مسائل حال کئے، ایڈیشنل کلکٹر افضال وٹو نے درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں تاخیر کا نوٹس لیتے ہوئے پی آئی سی ٹی پر افسران کی تعداد میں اضافہ کیا اور چھٹی والے دن بھی درآمدی کنسائمنٹس کی گراؤنڈنگ اور ایگزامینیشن فوری طور پر اپنی نگرانی میں کروائی اور درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں تاخیر کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ دنوں مذکورہ ٹرمینل پر سیکڑوں درآمدی کنسائمنٹس کے کنٹینرز کی گراؤنڈنگ روکی ہوئی تھی جبکہ ایڈیشنل کلکٹر نے خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے گراؤنڈنگ کے مسئلہ کو ختم کردیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے قبل ایس اے پی ٹی ٹرمینل پر بھی درآمدی کنسائمنٹس کے کنٹینرز کی گراؤنڈنگ کے مسائل پیدا ہوگئے تھے جیسے ایڈیشنل کلکٹر افضال وٹو اوران کی ٹیم نے خوش اسلوبی سے ختم کر کے ٹریڈ کو سہولیات فراہم کیں۔ اس سلسلے میں ایڈیشنل کلکٹر افضال وٹو سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ ایس اے پی ٹی ٹرمینل پر درآمدی کنسائمنٹس کی گراؤنگ کے مسائل کو ایک ہفتہ قبل کی ختم کردیا گیا تھا اور اب ایس اے پی ٹی پر کنسائمنٹس کی کلیئرنس معمول کے مطابق ہورہی ہے جبکہ پاکستان انٹرنیشنل کنٹینرز ٹرمینل پر کنٹینرز کے گراؤنڈنگ کے مسائل کچھ زیادہ تھے جس کی بڑی وجہ ایک ساتھ دو تین بحری جہاز لنگر انداز ہوگئے تھے جس کی وجہ سے درآمدی کنسائمنٹس کا رش بڑھ گیا تھا۔ ایڈیشنل کلکٹر نے بتایا کہ ٹریڈرز کی مشکلات میں کمی کرنے کے لئے کسٹمز افسران کو گذشتہ چھ ہفتوں سے چھٹی والے دن بھی بلا کر درآمدی کنسائمنٹس کی جانچ پڑتال کروائی گئی تا کہ کنسائمنٹس کی کلیئرنس معمول پر آسکے اور الحمداللہ اس وقت پاکستان انٹرنیشنل کنٹینرز ٹرمینل پر بیک لاک کو مکمل طور پر ختم کردیا گیا ہے اور کنسائمنٹس کی کلیئرنس معمول پر آگئی ہے۔

## راستہ کی نگرانی اور باخبر رہنے کو یقینی بنانے کیلئے ٹریکنگ ڈیوائسز کی تنصیبات کا خیر مقدم

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ناصر حیات مگوں اور نائب صدر ناصر خان نے ایف بی آر کی طرف سے درآمدی سامان کو کلیئرنس کی اجازت دے کر کاروبار اور تجارت کی سہولت میں بہتری لانے کی کوششوں کو سراہا ہے۔ وی بوک سسٹم میں فعالیت کی نشوونما تک راستہ کی نگرانی اور باخبر رہنے کو یقینی بنانے کے لئے ٹریکنگ ڈیوائسز کی تنصیبات کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ایف بی آر کی ہدایت کے تحت سی جی او اور بورڈ کی ہدایت کے مطابق مطلوبہ شرائط پر عمل درآمد کے بعد متعلقہ کلکٹریٹ کے ذریعہ اس قسم کی سامان کی کارروائی کو نظام میں صاف کیا جاسکتا ہے۔ M/S ٹی پی ایل ٹریکر (پرائیوٹ لمیٹڈ) کے طور پر سامان کی کھوج کے لئے ٹریکنگ آلات کی دستی طور پر تنصیب کے لئے تفویض کیا گیا ہے۔ اس طرح کی کھیپوں کو صاف کرنے کے لئے کنٹرول میکنزم کلکٹریٹ کے پاس ہی رہے گا جبکہ اس سے متعلقہ کلیئرنگ ایجنٹوں/ بانڈڈ کیریئرز کو تحریری تصدیق مل سکتی ہے۔ 17 مارچ 2021 کو جاری ایف بی آر کے آرڈر کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی تجارتی سہولیات کو بہتر بنا کر راہداری تجارت میں اضافہ کے ذریعے معاشی طور پر محروم علاقوں کی ترقی پر زور دے رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی معاشی منظرنامہ یکسر بدل گیا ہے، ای کامرس اور ڈیجیٹلائزیشن نے بین الاقوامی تجارت کے لئے اہمیت حاصل کرلی ہے، لہذا ایف بی آر اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو بھی تجارت میں نئی تکنیکی ترقی کے مطابق اپنے کام کی پیروی کرنا چاہیے۔

## چین نے دنیا کا پہلا وائرس پاسپورٹ متعارف کرادیا

بیجنگ (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) چینی حکومت نے کورونا وائرس کے دوران اپنے شہریوں کے لیے دنیا کا پہلا وائرس پاسپورٹ متعارف کرادیا ہے۔ یہ پاسپورٹ ہیلتھ سرٹیفکیٹ کے طرز پر تیار کیا گیا ہے جس میں مسافر کے کورونا ٹیسٹ، ویکسی نیشن اور ضروری طبی معلومات درج ہیں۔ چین میں بیرون ملک سے داخل ہونے یا باہر جانے کے لیے وائرس پاسپورٹ دکھانا ہوگا تاہم ابھی یہ لازمی نہیں اور صرف چینی شہریوں پر لاگو ہوگا البتہ جلد اس سسٹم کو لازمی اور غیر ملکی مسافروں پر بھی لاگو کیا جائے گا۔ یہ دنیا کا پہلا وائرس پاسپورٹ ہوگا۔


**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔



**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر اور بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا رجحان جاری ہے اور 13 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بریف کارڈ، نیویا آرٹ پیپر اور بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 215 روپے سے بڑھ کر 220 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 220 روپے سے بڑھ ہو کر 230 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 220 روپے سے بڑھ کر 230 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90، 115۔ 128 گرام، 220 روپے سے بڑھ کر 230 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 255 روپے سے بڑھ کر 270 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ انڈونیشین بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی 245 روپے سے بڑھ کر 260 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔

# ای بینکنگ ٹرانزیکشنز میں 24 فیصد تک اضافہ

